PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE
PCB.COM.PK

پی سی بی نے چیمپئنز ون ڈے کپ کے شیڈول کا اعلان کر دیا

- ٹورنامنٹ 12 سے 29 ستمبر تک اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلا جائے گا

لاہور، 28 اگست 2024ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے چیمپئنز ون ڈے کپ کے شیڈول کو حتمی شکل دے دی ہے۔

یہ ٹورنامنٹ 12 سے 29 ستمبر تک اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلا جائے گا جس میں ملک کے 150 بہترین کرکٹرز حصہ لیں گے۔

افتتاحی میچ پینتھرز اور وولوز کے درمیان کھیلا جائے گا۔

یاد رہے کہ پی سی بی نے پیر کے روز پانچ چیمپئن مینٹورز کا اعلان کیا تھا۔ ان کی ٹیموں اور پندرہ رکنی اسکواڈز کا اعلان آئندہ چند روز میں کیا جائے گا۔

50 اوورز کا یہ ٹورنامنٹ سنگل لیگ کی بنیاد پر کھیلا جائے گا۔

چار دنوں میں تین پلے آف ہوں گے جبکہ فائنل اتوار 29 ستمبر کو کھیلا جائے گا۔

سوائے لائنز اور پینتھرز کے درمیان 16 ستمبر کو ہونے والے میچ کے جو مقامی وقت کے مطابق صبح 9.30 بجے شروع ہو گا، باقی تمام تیرہ میچ سہ پہر 3 بجے شروع ہوں گے۔

لائنز اینڈ پینتھرز کا میچ اس لیے صبح ہو گا تاکہ ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں پاکستان ویمنز اور جنوبی افریقہ ویمنز کے میچ کو براہ راست نشر کرنے کا موقع مل سکے۔

ایونٹ کا شیڈول (تمام میچ اقبال اسٹیڈیم، فیصل آباد میں ہونگے۔ 16 ستمبر کا میچ صبح 9.30 بجے شروع ہو گا، باقی میچ 3 بجے شروع ہوں گے)۔

ایونٹ کا شیڈول۔

12 ستمبر – وولوز بمقابلہ پینتھرز۔

13 ستمبر - اسٹالیئنز بمقابلہ لائنز۔

14 ستمبر – ڈولفنز بمقابلہ پینتھرز

15 ستمبر – وولوز بمقابلہ اسٹالیئنز

16 ستمبر – لائنز بمقابلہ پینتھرز

17 ستمبر – ڈولفنز بمقابلہ وولوز۔

19 ستمبر – اسٹالیئنز بمقابلہ ڈولفنز۔

20 ستمبر – لائنز بمقابلہ وولوز۔

21 ستمبر – پینتھرز بمقابلہ اسٹالیئنز

22 ستمبر – لائنز بمقابلہ ڈولفنز۔

24 ستمبر – کوالیفائر (ٹیم نمبر 1 بمقابلہ ٹیم نمبر 2)

25 ستمبر – ایلیمینیٹر 1 (ٹیم نمبر 3 بمقابلہ ٹیم نمبر 4)

27 ستمبر – ایلیمینیٹر 2 (کوالیفائر ہارنے والی ٹیم بمقابلہ ایلیمینیٹر کی فاتح)

29 ستمبر - فائنل۔

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial